© rasailojaraid.com

مولانا محمد ابراہیم فانی

# تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : گلدستہ تفاسیر جلد اول مرتب : حضرت الحاج عبدالقیوم مہاجر مدنی

ضخامت : ۷۶۲ قیمت : درج نہیں

ناشر : طیب اکیڈمی بیرون بوہڑ گیٹ، ملتان۔

.................................

زیر تبصرہ تفسیر بعنوان گلدستہ تفاسیر واقعی ایک ایسا گلدستہ ہے جسکے گلوں کا انتخاب گلشن بے خار سے کیا گیا ہے اور اس میں تفسیری لطائف، نکات رنگ برنگے پھولوں کی طرح اس سلیقے سے سجائے گئے ہیں جس سے مشام روح کو بالیدگی اور طراوت و تازگی ملتی ہے اسکے مرتب الحاج عبدالقیوم صاحب مہاجر مدنی تمام اہل علم حضرات کی طرف سے داد و تحسین کے مستحق ہیں۔ جنہوں نے دور حاضر کی مستند تفاسیر کا جامع خلاصہ پیش کیا اور قرآن پاک کے بحر ناپید اکنار سے اسرار و رموز سے لبریز ایسے موتی تلاش کئے جس کیلئے ہزار ہا صفحات کو کھنگالنا پڑتا تھا۔

اس گلدستہ تفاسیر میں تفسیر عثمانی کو مقدم رکھتے ہوئے باقی تفاسیر تفسیر ابن کثیر، تفسیر معارف القرآن حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ تفسیر معارف القرآن حضرت مولانا کاندھلویؒ تفسیر عزیزی تفسیر مظہری ان میں سے جو اقتباسات دلچسپ نافع اور مختصر تھے من و عن باحوالہ جمع کئے گئے ہیں اور دیگر اکابرین کے تفسیری افادات و متعلقات کو حسب موقع منسلک کر دیا گیا ہے جو کہ دلچسپی کا باعث ہوں گے جیسا کہ مسئلہ علم غیب پر حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب، قدس سرہ کا رسالہ اور دیگر اکابرین کے مضامین ہیں اضافی خصوصیات کے طور پر تفاسیر کے آخر میں متن قرآن پاک باترجمہ منسلک ہے جس سے عامۃ المسلمین ترجمہ یاد کرنے کی صلاحیت حاصل کر سکتے ہیں اور اس کے بعد وہی متن ترجمہ کی خالی جگہ کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے تاکہ ترجمہ یاد کرنے کے بعد اپنے ہاتھ سے ترجمہ لکھا جائے۔

فی الحال اس کا پہلا حصہ سورۃ فاتحہ اور سورۃ بقرہ پر مشتمل جلد اپنی مکمل دیدہ زیبی اور خوبصورتی کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ ان شاء اللہ اسکے دوسرے حصے بھی اسی آب و تاب اور خوبصورتی کے ساتھ شائع ہوں گے۔

© rasailojaraid.com